# آئی جی پی کمپلین مینجمنٹ سسٹم گائیڈ

- **"آئی جی پی کمپلین مینجمنٹ سسٹم" کیا ہے؟**

سندھ پولیس کی جانب سے "آئی جی پی شکایتی نظام" ایک آن لائن پورٹل متعارف کروایا گیا ہے، جس کا مقصد عوام کو پولیس کے خلاف شکایات درج کرنے کے لیے ایک آسان، محفوظ اور مؤثر پلیٹ فارم فراہم کرنا ہے۔ اس نظام کے ذریعے شہری اپنی درج ذیل شکایات براہِ راست اعلیٰ حکام تک پہنچا سکتے ہیں:

i. ایف آئی آر درج نہ کرنا
ii. ناقص تفتیش
iii. پولیس اہلکاروں کی جانب سے رشوت یا کرپشن
iv. غیر قانونی حراست یا قید
v. جھوٹی ایف آئی آر کا اندراج
vi. پولیس کے رویے یا کارکردگی سے متعلق دیگر مسائل

یہ پورٹل شہریوں کو انصاف کی فراہمی کے لیے ایک اہم قدم ہے، جس سے پولیس نظام میں شفافیت اور جوابدہی کو فروغ ملتا ہے۔


- **شکایت جمع کروانے کے مختلف طریقے:**

آئی جی پی کمپلین مینجمنٹ سسٹم عوام کو چار آسان ذرائع فراہم کرتا ہے۔ آپ اپنی سہولت کے مطابق کسی بھی طریقے کا انتخاب کر کے شکایت جمع کروا سکتے ہیں:

i. **آن لائن پورٹل:** https://igpcms.sindhpolice.gov.pk/ پر جا کر مکمل فارم بھر کر شکایت درج کریں۔
ii. **واٹس ایپ کے ذریعے:** اپنی شکایت واٹس ایپ نمبر 0314-108831 پر ارسال کریں۔
iii. **ای میل کے ذریعے:** اپنی شکایت کی تفصیل کے ساتھ ای میل بھیجیں **aigcomplaints.cpo@sindhpolice.gov.pk** پر۔
iv. **ہیلپ لائن نمبر:** فوری رابطے کے لیے 1715 پر کال کریں اور اپنی شکایت درج کروائیں۔

## پورٹل پر شکایت درج کرنے کا طریقہ


شکایت درج کرنے کے لیے سب سے پہلے اپنے موبائل یا کمپیوٹر کے براؤزر میں یہ لنک کھولیں https://igpcms.sindhpolice.gov.pk۔ جیسے ہی آپ یہ لنک کھولیں گے، آئی جی پی کمپلین مینجمنٹ سسٹم کا مرکزی صفحہ (Homepage) آپ کے سامنے ظاہر ہوگا۔




- آئی جی پی کمپلین مینجمنٹ سسٹم کے مرکزی صفحے پر آپ کو "لاگ ان" کا بٹن دکھائی دے گا۔ اس پر کلک کرنے سے ایک نیا لاگ ان صفحہ کھل جائے گا۔




پھر آپ "Create" پر کلک کر کے اپنا نیا اکاؤنٹ بنا سکتے ہیں۔





- جیسے ہی "Create" پر کلک کریں گے، آپ کے سامنے ایک لاگ ان فارم کھل جائے گا جس میں آپ کو درج ذیل معلومات بھرنی ہوں گی:

| | |
|---|---|
| i. پورا نام | v. رہائشی ایریا |
| ii. ای میل | vi. رہائشی ضلع |
| iii. سی این آئی سی | vii. جنس |
| iv. رابطہ نمبر | viii. پاسورڈ |


اس کے بعد "Register" کے بٹن پر کلک کریں تا کہ آپ کا اکاؤنٹ بن سکے۔




- اکاؤنٹ بنانے کے بعد، آپ کو لاگ ان اسکرین پر ری ڈائریکٹ کر دیا جائے گا جہاں آپ کو اپنا ای میل اور پاسورڈ درج کر کے "Login" کے بٹن پر کلک کرنا ہو گا۔




- جب آپ پہلی بار نیا اکاؤنٹ لاگ ان کریں گے، تو آپ کو اپنی ای میل کی تصدیق کرنا ہو گی۔ اس کے لیے آپ کی ای میل پر ایک OTP بھیجا جائے گا جسے آپ کو لاگ ان اسکرین پر درج کرنا ہو گا۔ پھر "Verify" کے بٹن پر کلک کریں تاکہ آپ کی ای میل کی تصدیق ہو سکے۔





- ای میل کی تصدیق کے بعد، آپ آئی جی پی کمپلین مینجمنٹ سسٹم کے ڈیش بورڈ پر ری ڈائریکٹ ہو جائیں گے۔ یہاں آپ کو "Register Complaint" کے بٹن پر کلک کرنا ہو گا تاکہ آپ نئی شکایت درج کر سکیں۔




- آپ کے سامنے ایک فارم کھلے گا، جس میں صارف کو اپنی شکایت سے متعلق مکمل معلومات درج کرنی ہوں گی۔ فارم میں شامل اہم فیلڈز درج ذیل ہیں:

| | |
|---|---|
| Subject | شکایت کا عنوان درج کریں، مثلاً یہ شکایت ایف آئی آر سے متعلق ہے یا کسی اور زمرے سے۔ |
| Father's Name | والد کا نام درج کریں۔ |
| Passport Number | اگر موجود ہو تو پاسپورٹ نمبر فراہم کریں۔ |
| WhatsApp Number | ایسا واٹس ایپ نمبر درج کریں جس پر با آسانی رابطہ کیا جا سکے۔ |
| WeChat Number | اگر WeChat استعمال کرتے ہیں تو نمبر درج کریں۔ |
| Address | اپنا مکمل رہائشی پتہ درج کریں۔ |
| Type | شکایت کی نوعیت منتخب کریں (مثلاً: ایف آئی آر کا اندراج نہ ہونا، ناقص تفتیش وغیرہ)۔ |
| Upload Document | اگر کوئی معاون دستاویز، تصویر یا ویڈیو ہو تو یہاں اپلوڈ کریں۔ |
| Have you contacted any forum before | اگر آپ نے پہلے کسی پولیس دفتر (جیسے: DIG / SSP / SP / DSP) سے رابطہ کیا ہے، تو "Yes" کو منتخب کریں اور متعلقہ شواہد اپلوڈ کریں۔ اگر نہیں کیا، تو "No" منتخب کریں۔ |
| Description | اپنی شکایت کی مکمل تفصیل تحریر کریں کہ کیا واقعہ پیش آیا ہے۔ |
| Complaint Against | جس فرد کے خلاف شکایت ہے اُس کی معلومات فراہم کریں (جیسے: نام، CNIC نمبر، فون نمبر)۔ اگر ایک سے زیادہ افراد ہوں تو "Add Against" بٹن پر کلک کرکے مزید افراد کی معلومات شامل کی جا سکتی ہے۔ |

تمام معلومات کا جائزہ لیں اور پھر "Submit" کے بٹن پر کلک کریں۔




- تمام مطلوبہ معلومات بھرنے اور "Submit" کے بٹن پر کلک کرنے کے بعد، آپ کی شکایت آئی جی پی کمپلین مینجمنٹ سسٹم میں کامیابی سے درج ہو جائے گی۔ یہ شکایت آپ کے ڈیش بورڈ پر موجود "Complaint List" کے نیچے ظاہر ہو جائے گی، جہاں سے آپ اپنی شکایات کی تفصیل، اس کی موجودہ حیثیت (Status)، اور پراگریس کو آسانی سے دیکھ سکتے ہیں۔ ہر شکایت کے ساتھ ایک منفرد ٹریکنگ نمبر بھی دیا جائے گا، جس کے ذریعے آپ آئندہ اس کا ریکارڈ ٹریک کر سکتے ہیں۔





# کمپلین ٹریک کرنے کا طریقہ

- شکایت کا اسٹیٹس معلوم کرنے کے لیے صارف اپنے ڈیش بورڈ میں دی گئی سائیڈ نیویگیشن مینو سے "Track Complaint" پر کلک کرے۔




اس کے بعد اسے اپنا Tracking ID درج کریں۔




Track Now کے بٹن پر کلک کریں اور آپ کے سامنے کمپلین کا موجودہ Status ظاہر ہو جائے گا۔ اس فیچر کے ذریعے صارف با آسانی اپنی شکایت کی پراگریس کا علم رکھ سکتا ہے۔

